FRI.7.June.2024
VOLUME:19 NO: 146
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

Established May 1994 : قائم شدہ: مئی

ورقِ تازہ نانڈیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
نانڈیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

بروز جمعہ 7/ جون 2024
جلد:19 شمار 146
29/ ذی القعدہ 1445ھ
قیمت 3=00 روپے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com-Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے۔بی۔ایڈ)

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، نانڈیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
KANGAN JEWELLERS
کنگن جویلرس
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، نانڈیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، نانڈیڑ۔

اسٹاک مارکیٹ کی جے پی سی جانچ کا مطالبہ

ہندوستان کا سب سے بڑا گھوٹالہ، راہل گاندھی

نئی دہلی: کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ اس دوران انھوں نے نریندر مودی اور امت شاہ کے ذریعہ انتخاب سے قبل کئی بار شیئر مارکیٹ خرید نے اور شیئر بازار کے ریکارڈ سطح تک پہنچنے کی بات پر سوال اٹھائے ہیں۔ راہل گاندھی نے میڈیا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ پہلی بار بی جے پی لیڈران نے شیئر بازار کو لے کر انتخاب سے قبل بیان دیا تھا۔ پھر وہ نریندر مودی ہوں یا امت شاہ ہوں... اس بات کو دہراتے رہے کہ شیئر بازار ریکارڈ بنائے گا۔ دوسری طرف نیوز چینل نے غلط ایگزٹ پول جاری کیا، حالانکہ بی جے پی کو پتہ تھا کہ بذات خود اکثریت حاصل نہیں کر پائے گی۔ باوجود اس



کے غلط ایگزٹ پول ریلیز کیا گیا۔ پھر ہوا وہی جس کے سبب 3 جون کو شیئر بازار دوڑتا ہوا نظر آیا، لیکن 4 جون کو وہ تباہ ہو جاتا ہے۔ راہل گاندھی نے پریس کانفرنس کے دوران شیئر بازار کا ایک گراف بھی دکھایا اور کہا کہ یہی وجہ ہے (مودی-شاہ کے بیانات) جو لوگوں نے کروڑوں روپے لگائے، اور پھر لوگوں کو 30 لاکھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ راہل گاندھی نے اسے ہندوستان کا سب سے بڑا گھوٹالہ قرار دیا ہے۔ ساتھ ہی اس سلسلے میں جے پی سی (جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی) جانچ کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

راہل گاندھی نے پریس کانفرنس میں مودی حکومت سے چار اہم سوالات بھی کیے جو اس طرح ہیں:

1. پی ایم مودی نے سرمایہ کاری بڑھانے کا مشورہ کیوں دیا؟
2. پی ایم مودی اور امت شاہ نے لوگوں کو اسٹاک خریدنے کے لیے بار بار کیوں کہا؟
3. دونوں انٹرویو جو کیے گئے وہ اڈانی کے چینل کو کیوں دیے گئے، ان چینل کا کیا کردار ہے؟
4. فرضی ایگزٹ پول اور غیر ملکی سرمایہ دار کا بی جے پی سے کیا رشتہ ہے؟

'اگنی ویر' پر نظر ثانی کی ضرورت، 'یوسی سی' پر ہمارا موقف غیر تبدیل، حکومت سازی کی کوشش کے درمیان جے ڈی یو کا اہم بیان

نئی دہلی: 6/ جون (ایجنسیز) این ڈی اے کی اتحادی جماعت جنتا دل یونائیٹڈ (جے ڈی یو) نے اہم بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ یکساں سول کوڈ (یوسی سی) پر ہمارا موقف آج بھی وہی ہے۔ جے ڈی یو کے جنرل سکریٹری اور ترجمان کے سی تیاگی نے کہا کہ تب بھی ہم نے کہا تھا کہ اس معاملے پر تمام متعلقین یعنی اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی ضرورت ہے۔ کے سی تیاگی نے کہا، ''ہم نے تب بھی کہا تھا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنا اور اس معاملے پر ان کے خیالات کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ یوسی سی پر نتیش کمار نے لاء کمیشن کے چیئرمین کو خط لکھ کر کہا تھا کہ ہم اس کے خلاف نہیں ہیں لیکن اس پر وسیع بحث کی ضرورت ہے۔ اگنی ویر اسکیم کا ذکر کرتے ہوئے کے سی تیاگی نے کہا، ''اگنی ویر اسکیم کی کافی مخالفت ہوئی تھی اور اس کا اثر انتخابات میں بھی دیکھا گیا۔ اس پر نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ اگنی ویر اسکیم کو ایک نئے انداز میں سوچنے کی ضرورت ہے۔ فوج میں سیکورٹی اہلکار تعینات تھے اور جب اگنی ویر اسکیم آئی تو ایک بڑے طبقے میں بے اطمینانی پھیل گئی۔ میرا ماننا ہے کہ انتخابات میں ان کے خاندان والوں نے بھی احتجاج کیا تھا، اس لیے آج اس پر نئے انداز میں بحث کرنے کی ضرورت ہے۔'' 'ون نیشن، ون الیکشن' کی حمایت کرتے ہوئے کے سی تیاگی نے کہا کہ جہاں تک 'ایک ملک، ایک الیکشن' کا تعلق ہے، ہم اس کی حمایت میں ہیں۔ کے سی تیاگی نے کہا، ''ہم این ڈی اے کے مضبوط شراکت دار کے طور پر ابھرے ہیں۔ ہم نے اہل بہاری کی این ڈی اے حکومت میں کئی اہم وزارتوں کی ذمہ داریاں نبھائی ہیں۔ ہم ایک عرصے سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ اگر بہار سے نقل مکانی روکنی ہے تو اسے خصوصی ریاست کا درجہ دیا جائے۔ یہ وزیر اعظم کا اختیار ہے کہ وہ کس کو کون سی وزارت دیں گے۔ ہمارا ایسا کوئی مطالبہ نہیں ہے۔''

آج انتخابات ہوئے تو یوپی میں ایس پی کی حکومت بنے گی: شیو پال سنگھ یادو

اٹاوہ: 6/ جون (ایجنسیز) اتر پردیش میں لوک سبھا انتخابات میں سماج وادی پارٹی نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس پر سماج وادی پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری شیو پال سنگھ یادو نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایس پی نے تمام ذاتوں اور مذاہب کے ووٹ حاصل کئے۔ انہوں نے کہا کہ سماج وادی پارٹی پورے سماج کو ساتھ لے کر چل رہی ہے۔ ایس پی کی اس جیت کے بعد یوگی حکومت کو اخلاقی بنیادوں پر استعفیٰ دے دینا چاہیے اور الیکشن کرانا چاہیے۔ اگر آج انتخابات ہوتے ہیں تو اتر پردیش میں اکھلیش یادو کی قیادت میں سماج وادی پارٹی کو تاریخی جیت ملے گی اور سماج وادی پارٹی کی حکومت بنے گی۔ بہوجن سماج پارٹی اور مسلم امیدواروں کے ساتھ الیکشن نہ لڑنے کے بارے میں بی ایس پی سپریمو کے بیان پر انہوں نے کہا کہ 2024 کے انتخابات میں عوام کو معلوم تھا کہ اس کی بی جے پی کے ساتھ ساز باز ہے، اس لیے عوام نے بھی بی جے پی کا ساتھ دیا، اس لئے عوام نے بی جے پی کے ساتھ ساتھ بی ایس پی کو بھی سبق سکھایا ہے۔ ایودھیا اور آس پاس کی سیٹوں پر سماج وادی پارٹی اور اتحاد کی جیت پر انہوں نے کہا کہ ہم سب رام میں یقین رکھتے ہیں اور ہم سب کے ذرے ذرے میں رام ہیں۔ اس بار ایودھیا سے رام کو ماننے والے سیکولر امیدوار کی بھی جیت ہوئی ہے تو اس سے بڑی بات کیا ہو سکتی ہے۔ راجہ بھیا نے کہا ہے کہ وہ اس بار کسی کا ساتھ نہیں دیں گے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ ان کا اثر صرف ایک سیٹ پر ہے، وہاں بھی ہم جیتے ہیں اور سماج وادی پارٹی نے قریب کی سیٹ بھی جیتی ہے۔ ملائم سنگھ یادو کو یاد کرتے ہوئے شیو پال یادو نے کہا کہ انہوں نے اس الیکشن میں نیتا جی کو بہت یاد کیا۔ سوشلسٹ سوچ ہر ایک کے ذہن میں پیوست ہے۔ ریاست میں اپوزیشن لیڈر کی ذمہ داری کس کو سونپی جائے گی، انہوں نے کہا کہ یہ پارٹی فیصلہ کرے گی اور اس پر بھی جلد فیصلہ کیا جائے گا۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کے خلاف سرینگر میں زبردست احتجاج



سری نگر: سری نگر میں پولیس نے جمعرات کو سری نگر گورنمنٹ میڈیکل کالج کے ایک غیر مقیم طالب علم کے خلاف مبینہ طور پر ایک کالرایب پر حساس متن پوسٹ کرنے پر فوجداری کیس درج رجسٹر کیا ہے۔ ایک سینئر پولیس آفیسر نے کہا کہ پولیس نے جی ایم سی سری نگر کے ایک طالب علم کی جانب سے ایک مخصوص کمیونٹی کے مذہبی جذبات کے خلاف حساس مواد پوسٹ کرنے کے واقعہ پر توجہ کی۔ آفیسر نے کہا کہ جی ایم سی سری نگر انتظامیہ سے اطلاع موصول ہونے کے بعد معاملہ میں کیس درج کیا گیا ہے۔ آفیسر نے عوام سے افواہیں پھیلانے/ جھوٹی اطلاع فراہم کرنے والوں اور سماج دشمن عناصر کے پروپگنڈہ کا شکار نہ ہونے کی اپیل کی ہے۔ اُن لوگوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جو اشتعال انگیزی اور اُکسانے میں ملوث پائے جائیں۔

کنگنا رانوت کو ایئرپورٹ پر سی آئی ایس ایف کی خاتون گارڈ نے مارا تھپڑ

چنڈی گڑھ: 6/ جون۔ بالی ووڈ اداکارہ اور بی جے پی رکن پارلیمنٹ کنگنا رانوت کو چنڈی گڑھ ایئرپورٹ پر سی آئی ایس ایف کی ایک خاتون گارڈ نے تھپڑ مار دیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے کہ کنگنا کے ساتھ بدسلوکی والا یہ واقعہ جمعرات کو تقریباً 40.3 بجے پیش آیا۔ کنگنا کو جس خاتون گارڈ نے تھپڑ مارا ہے، اس کا نام کلوندر کور بتایا جا رہا ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق کنگنا رانوت بی جے پی کی میٹنگ میں شامل ہونے کے لیے وستارا ایئرلائنس کی فلائٹ سے دہلی آ رہی تھیں۔ جب وہ بورڈنگ کے لیے جا رہی تھیں تو اسی دوران وہاں ڈیوٹی پر تعینات کلوندر کور سے ان کی کوئی بات ہوئی اور پھر اچانک کلوندر نے انھیں تھپڑ رسید کر دیا۔ اس معاملے میں کنگنا رانوت نے خاتون گارڈ کے خلاف شکایت کی ہے اور کارروائی کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ حالانکہ اس معاملے میں فی الحال تفصیلی جانکاری سامنے نہیں آئی ہے۔ یہ ضرور بتایا جا رہا ہے کہ کسانوں کے ایشوز کو لے کر خاتون گارڈ نے کنگنا کے خلاف اپنی ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے یہ تھپڑ مارا۔ ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کسانوں سے متعلق کنگنا کے دیے گئے بیان پر خاتون سپاہی ناراض تھیں، اس لیے یہ بدسلوکی والا رویہ اختیار کیا۔

چندرا بابو نائیڈو اب 9 جون کی جگہ 12 جون کو لیں گے آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ عہدہ کا حلف



امراوتی: 6/ جون (ایجنسیز) ٹی ڈی پی (تیلگو دیشم پارٹی) چیف چندرا بابو نائیڈو آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ عہدہ کا جلد ہی حلف لینے والے ہیں۔ حلف برداری کے لیے 9 جون کی تاریخ مقرر کی گئی تھی، لیکن اب اس میں تبدیلی کی گئی ہے۔ تازہ جانکاری کے مطابق اب وہ 12 جون کو وزیر اعلیٰ عہدہ کا حلف لیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چندرا بابو نائیڈو کی حلف برداری تقریب سے متعلق تاریخ میں تبدیلی کی گئی کیونکہ نریندر مودی بھی جلد ہی وزیر اعظم عہدہ کا حلف لینے والے ہیں۔ پی ایم مودی نے بدھ کے روز صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو اپنا استعفیٰ نامہ سونپ دیا تھا۔ یہ استعفیٰ صدر جمہوریہ نے منظور بھی کر لیا اور ساتھ ہی نئی حکومت کی تشکیل تک کارگزار وزیر اعظم بنے رہنے کی گزارش کی تھی۔ بہر حال، چندرا بابو نائیڈو ایک طرف آندھرا پردیش میں حکومت تشکیل دینے کی تیاری کر رہے ہیں، اور دوسری طرف وہ مرکزی حکومت کی تشکیل میں 'کنگ میکر' بن کر سامنے آئے ہیں۔ این ڈی اے نے لگاتار تیسری مرتبہ اکثریت حاصل کرنے کا ریکارڈ بنایا ہے۔ حالانکہ بی جے پی اس مرتبہ لوک سبھا انتخاب میں تنہا اکثریت حاصل کرنے سے محروم رہ گئی۔ اسے 240 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں جو کہ جادوئی نمبر سے 32 کم ہے۔ جہاں تک آندھرا پردیش اسمبلی انتخاب کا سوال ہے، ٹی ڈی پی 135 سیٹیں جیت کر سب سے بڑی پارٹی بنی ہے۔ یہاں جن سینا نے 21 اور بی جے پی نے 8 سیٹوں پر قبضہ کیا ہے۔ وائی ایس آر کانگریس محض 11 سیٹوں پر کامیابی حاصل کر سکی ہے۔

مانیٹری پالیسی جائزہ میٹنگ ریپوریٹ میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں

ممبئی: 6/ جون (ایجنسیز) ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) کی جمعہ کو ختم ہونے والی اپنی تین روزہ مانیٹری پالیسی جائزہ میٹنگ میں ریپو ریٹ اور دیگر پالیسی ریٹ میں تبدیلی کا امکان نہیں ہے کیونکہ مرکزی بینک اقتصادی ترقی اور افراط زر کے درمیان توازن برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ خیال رہے کہ آر بی آئی کی مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کی میٹنگ بدھ کو شروع ہوئی اور جمعہ کو ختم ہوگی۔ اس میں ملک کی معاشی حالت، مہنگائی، مانسون کی صورتحال، عالمی عوامل وغیرہ کی بنیاد پر پالیسی ریٹ سے متعلق فیصلے کئے جائیں گے۔ امکان ہے کہ کمیٹی ریپوریٹ کو 5.6 فیصد پر مستحکم رکھنے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ ریپوریٹ وہ شرح ہے جس پر مرکزی بینک کمرشل بینکوں کو ان کی فوری لیکویڈیٹی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قلیل مدتی رقم قرض دیتا ہے۔ اس سے بینکوں کی طرف سے کارپوریٹ اور عام صارفین کو دئے گئے قرضوں پر سود کی شرح متاثر ہوتی ہے۔ شرح سود میں کمی سرمایہ کاری اور کھپت کے اخراجات کو کم کرتی ہے، تاہم، کھپت میں اضافہ کی وجہ سے مہنگائی میں اضافے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا ہے کہ مرکزی بینک افراط زر کو کم کرنے کی پالیسی کو جاری رکھے گا تاکہ اقتصادی ترقی مستحکم رہے۔ انہوں نے کہا کہ اشیائے خوردونوش کی مہنگائی کی وجہ سے مہنگائی کا دباؤ ہے۔ آر بی آئی نے آخری بار فروری 2023 میں پالیسی کی شرحوں میں تبدیلی کی تھی۔ اس نے مئی 2022 سے فروری 2023 کے درمیان ریپوریٹ میں کل 5.2 فیصد اضافہ کیا تھا۔ فروری 2023 کے بعد ریپوریٹ 5.6 فیصد پر مستحکم ہے۔ رواں سال اپریل میں خوردہ افراط زر کی شرح کم ہو کر 83.4 فیصد پر آ گئی تھی۔ تاہم، یہ اب بھی آر بی آئی کے 4 فیصد کے درمیانی مدت کے ہدف سے اوپر ہے۔ مالی سال 2023-24 میں ملک کی اقتصادی ترقی کی شرح 2.8 فیصد تک بڑھ گئی۔ اس کی وجہ سے آر بی آئی کے پاس اب بھی شرح سود میں کمی کو ملتوی کرنے کا اختیار ہے۔

چندرا بابو نے سینئر آئی اے ایس، آئی پی ایس افسران سے ملنے سے کیا انکار

وجے واڑہ: 6/ جون (ایجنسیز) تلگو دیشم پارٹی (ٹی ڈی پی) کے سپریمو این چندرا بابو نائیڈو کی انڈاولی واقع رہائش گاہ پر جمعرات کو بڑی تعداد میں سینئر آئی اے ایس، آئی پی ایس افسران اور سینئر لیڈران سے ملاقات کے لئے پہنچے، تاہم انہوں نے کئی افسران سے ملنے سے انکار کر دیا۔ ریٹائرڈ ایڈیشنل ڈی جی پی اے بی وینکٹیشورا راؤ نے جمعرات کو نائیڈو سے ملاقات کی۔ وہ 6 دن پہلے ہی ریٹائر ہوئے ہیں۔ سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (انٹیلی جنس) پی ایس آر انجانیولو صبح کے وقت نائیڈو سے ملنے ان کی رہائش گاہ گئے۔ تاہم سیکورٹی حکام نے انہیں ملاقات کی اجازت نہیں دی کیونکہ ٹی ڈی پی سربراہ نے انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیا تھا۔ اس کے بعد انجانیولو وہاں سے واپس چلے گئے۔ ایک اور سینئر آئی پی ایس افسر اور آئی جی پی کولی رگھورامی ریڈی جنہوں نے ایس آئی ٹی کے سربراہ کی حیثیت سے نائیڈو کو اسکل ڈیولپمنٹ کیس میں گرفتار کیا تھا، آج صبح ٹی ڈی پی سربراہ کی رہائش گاہ پر گئے لیکن انہوں نے ان سے بھی ملنا پسند نہیں کیا۔ اس سے قبل کولی رگھورامی ریڈی کو تمام عہدوں سے ہٹا دیا گیا تھا اور بدھ کو پولیس ہیڈ کوارٹر رپورٹ کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ ٹی ڈی پی ذرائع کے مطابق کئی سینئر آئی اے ایس اور آئی پی ایس افسران نے نائیڈو سے فون پر بات کرنے کی کوشش کی لیکن انہوں نے بات کرنے سے احتراز کیا۔ واضح رہے کہ سینئر آئی اے ایس اور آئی پی ایس افسران، جنہوں نے ٹی ڈی پی کے کئی لیڈروں کو گرفتار کیا تھا اور وائی ایس آر سی پی کے پکے وفاداروں کے طور پر جانے جاتے تھے، اب اپنے مستقبل کے بارے میں فکر مند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نائیڈو نے آج نو منتخب ممبران پارلیمنٹ کے ساتھ میٹنگ کی اور وہ کل قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) کی میٹنگ میں شرکت کے لئے دہلی جا رہے ہیں۔

نتیش کمار کی قیادت میں 2025 کے بہار اسمبلی انتخابات لڑیں گے: بی جے پی

پٹنہ: 6/ جون۔ (ایجنسیز) لوک سبھا انتخابات میں بہار میں جنتا دل یونائیٹڈ (جے ڈی یو) کی جیتی ہوئی سیٹ سے وزیر اعلیٰ نتیش کمار 'کنگ میکر' کے طور پر ابھرنے کے بعد بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے آج ایک بار پھر ان پر اعتماد ظاہر کیا کہ بی جے پی 2025 کے ریاستی اسمبلی انتخابات مسٹر کمار کی قیادت میں لڑے گی۔ بہار بی جے پی کے صدر اور نائب وزیر اعلیٰ سمرت چودھری نے جمعرات کو یہاں نامہ نگاروں کو بتایا کہ حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) کا اسٹرائیک ریٹ 75 فیصد تھا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ این ڈی اے نے بہار کی تمام 40 لوک سبھا سیٹوں پر مقابلہ کیا اور 30 سیٹیں جیتیں۔ ایک سوال کے جواب میں مسٹر چودھری نے کہا کہ چیف منسٹر مسٹر کمار 2025 کے بہار اسمبلی انتخابات میں بھی این ڈی اے کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے پوچھا کہ مسٹر کمار کے اگلے ریاستی اسمبلی انتخابات میں این ڈی اے کی قیادت کرنے میں کیا مسئلہ ہے۔ مسٹر کمار 1996 سے بی جے پی کے ساتھ ہیں۔ بی جے پی کے ریاستی صدر نے کہا کہ اس حقیقت کو قبول کرنے میں کوئی الجھن اور ہچکچاہٹ نہیں ہے کہ مسٹر نتیش کمار بہار میں این ڈی اے کے سرکردہ لیڈر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی اے نے بہار میں تمام 40 سیٹیں جیتنے کا ہدف مقرر کیا تھا اور اس کا مکمل تجزیہ کیا جائے گا کہ انہوں نے 10 سیٹیں کیسے گنوائیں۔ واضح رہے کہ حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی اور جے ڈی یو نے 12-12 سیٹیں جیتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی لوک جن شکتی پارٹی-رام ولاس (ایل جے پی۔آر) نے پانچ اور ہندوستانی عوام مورچہ (ایچ اے ایم) نے ایک سیٹ جیتی۔

لوک سبھا انتخابات سے قبل پارٹی بدلنے والے لیڈران کو عوام نے کیا خارج، 13 میں سے 9 کی ہار

لوک سبھا انتخابات میں تمام حربے آزمانے کے بعد بھی بی جے پی کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ وہ اکثریت کے نشان تک نہیں پہنچ سکی اور اسے صرف 240 نشستیں حاصل ہوئیں۔ این ڈی اے کو 293 سیٹیں ملیں۔ جبکہ انڈیا اتحاد کو 233 سیٹیں ملیں۔ اس سب کے درمیان جن لیڈروں نے انتخابات سے پہلے پالا بدلنے والے لیڈران کا چرچا ہو رہا ہے۔ یہ لیڈر یا تو بی جے پی میں شامل ہوئے یا دوسری پارٹیوں میں چلے گئے۔ ان میں سے کئی لیڈروں نے الیکشن بھی لڑا۔ ایسے میں سوال یہ ہے کہ پارٹیاں بدل کر الیکشن لڑنے والے کتنے لیڈر جیتے اور کتنے کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا؟ انتخابات سے قبل جن لیڈران نے اپنی پارٹی چھوڑ کر دوسری پارٹیوں میں شمولیت اختیار کی ان میں بیشتر وہ تھے جن پر سی بی آئی، محکمہ انکم ٹیکس اور ای ڈی نے کارروائی کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق 13 میں سے 8 لیڈران بی جے پی میں شامل ہوئے تھے۔ کانگریس سے 7 اور ترنمول کانگریس سے ایک، جھارکھنڈ وکاس پارٹی اور پی ای پی سے دو دو نے کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ انتخابات سے قبل جن لیڈروں نے اپنی پارٹی بدلی ان میں مہاراشٹر میں شیو سینا شندے دھڑے کی یامنی جادھو، مغربی بنگال میں بی جے پی کے تاپس رائے، جھارکھنڈ میں کانگریس کے پردیپ یادو، راجستھان میں بی جے پی کے جیوتی مردھا جیسے نام شامل ہیں۔ جن 13 لیڈروں نے پارٹی بدلی اور ہار گئے ان میں سے 7 کا تعلق بی جے پی یا اس کے اتحادیوں سے تھا۔ ہارنے والوں میں راجستھان کے ناگور سے جیوتی مردھا، اتر پردیش کے جونپور سے کرپا شنکر سنگھ، کولکاتا نارتھ سے تاپس رائے، آندھرا پردیش کے اراکو سے کوٹھا پلی گیتا، پٹیالہ سے پرنیت کور اور جھارکھنڈ کے سنگھ بھوم سے گیتا کوڑا شامل ہیں۔ وہیں شیو سینا شندے دھڑے کی یامنی جادھو ممبئی ساؤتھ سے الیکشن ہار گئیں۔ وہیں کانگریس کے پردیپ یادو جھارکھنڈ کے گوڈا سے الیکشن ہار گئے۔

کشوری لال شرما کی بیٹی نے مہذب زبان میں دیا اسمرتی ایرانی کو جواب، سوشل میڈیا پر ہو رہی تعریف

اتر پردیش کے امیٹھی سے الیکشن جیت کر انڈین نیشنل کانگریس کے ٹکٹ پر پارلیمنٹ پہنچنے والے کشوری لال شرما کی بیٹی انجلی نے اپنے والد کی جیت پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ انجلی نے کہا، ''نوکر، چپراسی، پراکسی، چیونٹی کچھ بھی بولو، اب کوئی فرق نہیں پڑتا۔ نمبر بتا رہے ہیں۔ رزلٹ آپ کو بتا رہے ہیں۔ انہوں نے جو بھی کہا ان کے خلاف گیا۔'' اسمرتی پر طنز کرتے ہوئے انجلی نے کہا کہ سابق رکن پارلیمنٹ نے پرینکا گاندھی واڈرا کی جو نقل اتاری تھی، وہ بہت اچھا تھا، وہ بہت اچھی آرٹسٹ ہیں۔'' اس سوال کے جواب میں کہ اسمرتی آگے کیا کریں گی، انجلی نے کہ، ''ہم اس بارے میں کچھ نہیں کہیں گے کہ اسمرتی آگے کیا کریں گی۔ یہ ان کا فیصلہ ہوگا۔'' کشوری لال کی بیٹی نے کہا کہ ہماری توجہ خواتین، کسانوں اور نوجوانوں کے انصاف پر مرکوز رہے گی۔ امیٹھی اور رائے بریلی ہمیشہ سے ہمارا خاندان رہا ہے۔ معروف مورخ اور مصنف اشوک کمار پانڈے نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کشولی لال شرما کی بیٹیوں کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا، ''اسے کہتے ہیں سنسکار (تہذیب)۔ شیریں زبان۔ کوئی تکبر نہیں۔ اسمرتی کے اتنے توہین آمیز بیانات کے باوجود ایک بھی برا لفظ نہیں۔ کشوری لال جی اور ان کی اہلیہ نے بچیوں کو بہت خوبصورت سنسکار دئے ہیں۔ انہیں زندگی میں ہر سکھ اور کامیابی ملے۔'' امیٹھی لوک سبھا سیٹ پر کشوری لال شرما کو 5 لاکھ 39 ہزار 228 ووٹ ملے۔ وہیں اسمرتی ایرانی کو 3 لاکھ 72 ہزار 32 ووٹ ملے۔ کشوری لال نے اسمرتی کو 1 لاکھ 67 ہزار 196 ووٹوں سے شکست دی۔

ہندنژاد خاتون خلاباز سنیتا ولیمس نے رقم کی تاریخ، تیسری بار خلا کے لیے بھری پرواز

ناسا: 6/ جون (ایجنسیز) بوئنگ اسٹارلائنر کا پہلا 'کرو مشن' کامیابی کے ساتھ انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن (آئی ایس ایس) کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس میں ہندنژاد کی امریکی خلائی مسافر سنیتا ولیمس اور بوچ ولمور سوار ہیں۔ ناسا کی طرف سے جمعرات کو یہ جانکاری دی گئی۔ ناسا کے خلائی مسافروں کو لے جا رہے اس اسپیس کیپسول کے جمعرات کی شب 45.9 تک آربٹنگ اسپیس لیبارٹریز پر پہنچنے کا امکان ہے۔ امریکی اسپیس ایجنسی کی طرف سے یہ جانکاری بھی دی گئی ہے کہ اسٹارلائنر اسپیس اسٹیشن ہارمونی ماڈیول پر ڈاک کرے گا۔ ناسا کی طرف سے سنیتا کا انتخاب 1998 میں خلائی مسافر کی شکل میں کیا گیا تھا۔ اب تک وہ دو مرتبہ خلا میں جا چکی ہیں۔ یہ تیسری بار ہے جب سنیتا خلائی سفر پر گئی ہیں۔ ناسا کی طرف سے مطلع کیا گیا ہے کہ اب تک مجموعی طور پر 50 گھنٹے اور 40 منٹ کے ریکارڈ کے ساتھ سنیتا ولیمس نے سب سے زیادہ اسپیس واک (خلاء میں سفر) کرنے کے ریکارڈ کو قائم رکھا ہے۔ سنیتا امریکہ کی نیوی کیپٹن کا بھی عہدہ سنبھال چکی ہیں اور انھوں نے اب تک مجموعی طور پر 322 دن خلاء میں گزارے ہیں۔ واضح رہے کہ اسٹارلائنر مشن کا مقصد ناسا کے مستقبل کے مشن کے لیے خلائی مسافروں اور کارگو کو زمین کے ذیلی مدار میں لے جانا ہے۔ اس اسپیس فلائٹ کا مقصد یہ ثابت بھی کرنا ہے کہ خلائی طیارہ آسانی سے منصوبہ بند طریقے کے ساتھ اسپیس اسٹیشن تک جا سکتے ہیں اور آ سکتے ہیں۔

چنگاری نے 40 گھروں کو خاک کر دیا، 24 مویشی بھی ہلاک،

ہردوئی: اتر پردیش کے ہردوئی ضلع میں آتشزدگی واقعہ نے ایک دو نہیں، بلکہ کم و بیش 40 گھروں کو جلا کر خاک کر دیا۔ واقعہ جمعرات کی دیر شب کا ہے جب ایک معمولی سی چنگاری نے دیکھتے ہی دیکھتے خوفناک آگ کی شکل اختیار کر لی۔ اس کی زد میں نصف گاؤں آ گیا اور اب صورت حال یہ ہے کہ لوگوں کو غذا کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس علاقہ میں موجود بھی غذا آگ کی نذر ہو گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آگ کی خبر ملنے کے بعد ریونیو محکمہ سمیت دیگر افسران نے جائے وقوع پر پہنچ کر پیشگی آئینی کارروائی شروع کی۔ اس آتشزدگی واقعہ میں اپنا سب کچھ گنوا چکے لوگ غمزدہ ہیں اور مستقبل کو لے کر فکر مند بھی۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، نانڈیڑ۔

روزنامہ ورقِ تازہ 2
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
07.June. 2024

'پاکستان کو چوڑیاں پہنانے والے'

نریندر مودی کے تیسری بار وزیر اعظم بننے سے پاکستان انڈیا تعلقات میں کیا تبدیلی آسکتی ہے؟

شمائلہ جعفری

انڈیا میں عام انتخابات کے بعد اب آنے والی حکومت کا خاکہ کافی حد تک واضح ہو چکا ہے۔ نریندر مودی حکومت بنانے کا اعلان کر چکے ہیں اور حکومت سازی کی لیے بی جے پی کی حلیف پارٹیاں اور ان کے مخالفین پر مشتمل انڈیا الائنس (انڈیا) اس وقت جوڑ توڑ اور مشاورت کے مرحلے میں ہیں۔ کئی مہینوں تک جاری رہنے والی انتخابی مہم میں پاکستان کی گونج سنائی دیتی رہی۔ خاص طور سے نریندر مودی نے متعدد بار پاکستان کو نشانہ بنایا۔ ریاست بہار کے مظفر پور علاقے میں ایک تقریر میں اپنے مخالف انڈین نیشنل کانگریس کے زیر قیادت سیاسی اتحاد پر بزدل ہونے کا الزام لگاتے ہوئے مودی نے دعویٰ کیا کہ انڈیا الائنس کے لیڈر پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے خوفزدہ ہیں۔ 'اگر پاکستان نے چوڑیاں نہیں پہنی ہوئیں تو ہم پہنا دیں گے۔ ہمیں معلوم تھا کہ پاکستان کے پاس کھانے کو اناج نہیں۔ لیکن اب ہمیں پتا چلا ہے کہ ان کے پاس چوڑیوں کی بھی کمی ہے۔' نریندر مودی کے حامیوں سے بھرے پنڈال نے انھیں اس جملے پر خوب داد دی۔ اس طرح ریاست گجرات میں ایک جلسے میں انھوں نے اپنے سیاسی مخالف راہل گاندھی اور ان کی پارٹی پر پاکستان نواز ہونے کا الزام لگایا اور جلسے میں آئے اپنے حامیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ 'آپ نے سنا ہوگا کہ اب پاکستانی لیڈرز کانگریس کی جیت کے لیے دعا کر رہے ہیں۔' پاکستان شہزادے یعنی راہل گاندھی کو انڈیا کا وزیر اعظم بنوانا چاہتا ہے۔ پاکستان اور کانگریس کی شراکت اب پوری طرح بے نقاب ہو چکی۔' یہ پہلی بار نہیں ہوا۔ سنہ 2019 میں بھی نریندر مودی اور ان کی پارٹی بھارتیہ جنتا پارٹی نے اپنا انتخابی بیانیہ پلوامہ حملے کے بعد پاکستان مخالف جذبات بھڑکا کر کھڑا کیا تھا۔ اس بار سرحد پر تو امن سکون رہا لیکن پاکستان پر لفظی حملے ہوتے رہے۔ اس سب کے باوجود پاکستان میں انڈین انتخابات میں کوئی خاص دلچسپی نہیں دیکھی گئی۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین جن میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری بھی شامل ہیں، کے سمیت کچھ لوگ اس بارے میں ہلکی پھلکی ٹویٹس کرتے رہے لیکن اسے کسی بڑے ایشو کے طور پر زیر بحث نہیں لایا گیا۔ چونکہ پاکستان میں روایتی طور پر انڈین سیاست میں زیادہ دلچسپی نہیں دیکھی جاتی اور نہ ہی عام لوگوں کو وہاں کے سیاسی خدوخال سے زیادہ واقفیت ہے اس لیے پولنگ کے آخری مرحلے تک جب بھی ہماری عام لوگوں سے بات ہوئی تو ان کے ذہنوں میں صرف اس بات کو لے کر خدشات تھے کہ اگر انڈیا میں ایک بار پھر بی جے پی سرکار بنی تو وہاں پر موجود مسلمانوں کے ساتھ کیا ہوگا؟

'چار سو پار کا خواب چکنا چور'

تاہم چار جون کو جب الیکشن نتائج سامنے آئے اور عمومی اندازوں اور ایگزٹ پولز کے برعکس بھارتیہ جنتا پارٹی کو توقع سے کافی کم نشستیں ملیں تو پاکستان میں میڈیا اور لوگوں کو خوشگوار حیرت ہوئی اور ان کی دلچسپی میں اضافہ ہوا۔ کئی اخبارات اور ٹی وی چینلز نے مودی کا 'چار سو پار' کا خواب چکنا چور ہونے کی ہیڈ لائنز لگائیں اور مودی کے انتخابی مخالفین کی مزاحمت اور کامیابی پر تجزیے اور تبصرے ہوتے رہے۔ نریندر مودی اور ان کی پارٹی بھارتیہ جنتا پارٹی اس بار دعویٰ کر رہی تھی کہ وہ لوک سبھا میں چار سو سے بھی زیادہ نشستیں جیتیں گے لیکن وہ 300 کی حد بھی عبور نہیں کر پائے یہاں تک کہ بھارتیہ جنتا پارٹی تو سادہ اکثریت لینے میں بھی کامیاب نہیں ہو پائی اور اتحادیوں کے بغیر حکومت بنانے کے قابل نہیں۔ لیکن اس کے باوجود انڈیا میں حکومت تو بی جے پی کے نیشنل ڈیموکریٹک الائنس ہی کی بننے کا امکان ہے کیونکہ مجموعی طور پر ان کے پاس کانگریس کے حمایت یافتہ انڈیا بلاک سے زیادہ نشستیں ہیں۔ سوشل میڈیا پر بھی صارفین نے ان نتائج پر رائے دی۔ کئی پاکستانی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پاکستان اور انڈیا کے انتخابات کا موازنہ کرتے رہے۔ زبیر علی خان نے لکھا کہ پہلے پاکستان اور اب انڈیا میں عوام نے ثابت کیا کہ میڈیا 'مینیج' کر کے کامیابی کی گارنٹی نہیں دی جا سکتی۔ داؤد بٹ بولے کہ 'عوامی احتساب ہی جدید ریاستوں کی بنیاد ہے۔ پاکستان میں ایسا احتساب ناپید ہے جہاں غیر جمہوری ادارے غیر آئینی طریقوں سے منصفانہ انتخابات کی راہ میں حائل ہیں۔' شجاع عظمیٰ نے لکھا کہ پاکستانی بہت منافق ہیں وہ انڈیا میں تو سیکولر پارٹیوں کو جیتتا دیکھنا چاہتے ہیں لیکن خود دہشتگردی کرنے والی پارٹیوں کو ووٹ دیتے ہیں۔ روایتی میڈیا پر تجزیوں اور تبصروں کا مرکز مودی کی مسلسل تیسری حکومت میں انڈین مسلمانوں کے حوالے سے تحفظات پر رہا۔ انگریزی روزنامہ ڈان نے اپنے اداریے میں اس امید کا اظہار کیا کہ اس عاجزانہ کامیابی کے بعد سیاسی مفادات کے لیے مسلمانوں کے خلاف کی جانے والی اشتعال انگیز بیان بازی اور زہر آلود فرقہ واریت میں کمی آئے گی جس کا پر چار پچھلے دس سال سے کیا جا رہا تھا۔

'مزید جارحانہ اور پر اعتماد انڈیا'

ان الیکشن نتائج کے پاکستان پر کیا اثرات ہوں گے؟ عوامی حلقوں کی طرح خارجہ پالیسی کے حلقوں میں بھی یہ خیال پایا جاتا ہے کہ کم مارجن سے جیتنے کے باوجود اور داخلی طور پر سیاسی لحاظ سے کمزور ہونے کے باوجود اپنی تیسری وزارت عظمیٰ کے دوران بھی مودی سرکار سے پاکستان کے حوالے سے کسی مثبت پیشرفت کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ اسلام آباد کے انسٹیٹوٹ فار سٹریٹجک سٹڈیز میں انڈیا سٹڈی سینٹر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر خرم عباس سمجھتے ہیں کہ دونوں ملک اس وقت ایک سخت گیر موقف اپنائے ہوئے ہیں۔ خاص طور پر انڈیا کا رویہ انتہائی غیر لچکدار ہے۔ اس ماحول میں پاکستان میں توقع یہی ہے کہ بی جے پی سرکار اپنی پاکستان مخالف پوزیشن کو برقرار رکھے گی بلکہ اس بات کا ڈر رہے گا کہ اس انتخابی شکست کے بعد وہ پاکستان مخالف جذبات کو بھڑکا کر اپنے لیے عوامی حمایت میں اضافہ کرنے کی کوشش نہ کرے۔ ڈاکٹر خرم عباس نے خدشہ ظاہر کیا کہ ایسی صورت میں کشمیر، گلگت بلتستان اور سندھ طاس معاہدے جیسے معاملات پر درجہ حرارت بڑھ سکتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اس وقت انڈیا میں ایک سیاسی اور سٹریٹجک ہم آہنگی ہے کہ پاکستان سے تعلقات کو بہتر کرنے میں کوئی سیاسی یا اقتصادی فائدہ نہیں۔ انڈیا کے سابق وزیر دفاع اور نریندر مودی کے بہت قریب سمجھے جانے والے راج ناتھ سنگھ 'پاکستان کو گھر میں گھس کر مارنے' کی بات کر چکے ہیں۔ یہی بی جے پی کی پالیسی ہے جسے ان کے رہنما انتخابی بیانیے میں بھی دہراتے رہے ہیں۔ اس لیے مستقبل میں بھی بی جے پی سرکار کی پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی جارحانہ پالیسی ہی جاری رہنے کا امکان ہے۔ ڈاکٹر خرم عباس کی رائے میں انڈیا کی جانب سے بلوچستان میں علیحدگی پسندوں اور پاکستان دشمن مسلح گروہوں کی خفیہ مدد کا سلسلہ بھی جاری رہے گا اور ہو سکتا ہے کہ انڈین ہینڈلرز کی جانب سے پاکستان کی سرزمین پر پاکستانی شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات بھی ہوتے رہے۔ ان واقعات پر پاکستان کو کافی تشویش ہے۔ ڈاکٹر عباس کے مطابق 30 ستمبر سے پہلے انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کے ریاستی انتخابات ہونے تک پاکستان کو یہ خدشہ بھی رہے گا کہ اسے انڈیا کے زیر انتظام کشمیر میں کسی دہشتگرد کارروائی میں ملوث کرنے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔ اگر وہاں کوئی بھی ناخوشگوار واقعہ ہوا تو مودی سرکار پاکستان کو اس میں گھسیٹ لے گی۔ 'جب تک پاکستان پر تنقید بی جے پی کو سیاسی فائدہ دیتی رہے گی تعلقات کے معمول پر آنے کی سوچ صرف خواہش ہی رہے گی تاہم ان سب باتوں کے باوجود پاکستان کشیدگی کم کرنے کے لیے بیک ڈور ڈپلومیسی اور کسی مشترکہ دوست کی مدد سے رابطے بہتر کرنے کے لیے گنجائش ضرور رکھے گا۔' پاکستان اور انڈیا کے درمیان تجارت کے حوالے سے پاکستان کے وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کچھ اشارے دیے تھے، ڈاکٹر خرم عباس کے تجزیے کے مطابق اس حوالے سے پاکستان کی پالیسی 'ویٹ اینڈ واچ' کی ہوگی۔ 'وہ انتظار کرے گا کہ دہلی سے کیسی اشارے ملتے ہیں۔ اسی کے مطابق پاکستان حکمت عملی اختیار کرے گا۔'

'کوئی پارٹی تعلقات معمول پر لانے کی جرات نہیں کر سکتی'

اسلام آباد میں خطے کی صورتحال پر نظر رکھنے والے تھنک ٹینک انسٹیٹوٹ فار ریجنل سٹڈیز میں انڈیا پر تجزیہ کار مریم مستور کا خیال ہے کہ نریندر مودی نے گذشتہ دس برس میں پاکستان مخالف جذبات کو اتنا بھڑکا دیا ہے کہ فی الحال بی جے پی اور اس کا انتخابی اتحاد تو کیا کوئی بھی پارٹی پاکستان سے تعلقات کو معمول پر لانے کا سوچ بھی نہیں سکتی۔ مریم کہتی ہیں کہ اپنی انتخابی سیاست بچانے اور اقتدار میں آنے کے لیے نریندر مودی نے جس حد تک پاکستان کے خلاف نفرت کو بڑھا دیا، ایسی صورت میں یہ امید رکھنا کہ وہ یا کوئی بھی اور سیاسی شخصیت پاکستان کے ساتھ تعلقات میں نرمی لانے کی بات بھی کر پائے ابھی تو تقریباً ناممکن لگتا ہے۔ 'تو بھلے مودی تگڑے مینڈیٹ سے آئیں یا کمزور پاکستان کے لیے تو یہ برابر ہے بلکہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی گرتی ہوئی ساکھ کو سہارا دینے اور لوگوں کی توجہ داخلی مسائل سے ہٹانے لیے پاکستان کو مزید نشانہ بنانے سے گریز نہ کریں۔' لیکن ڈاکٹر خرم عباس کہتے ہیں کہ صرف ایک امید ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ نریندر مودی اپنے لیے کیسی میراث چھوڑنا چاہتے ہیں۔ بہت سے تجزیہ کار سمجھتے ہیں کہ بحیثیت وزیر اعظم یہ ان کا آخری دور ہو سکتا ہے۔ تو اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ ایک امن قائم کرنے والے شخص کے طور پر یاد رہنا چاہتے ہیں یا پھر تقسیم کرنے والے کے طور پر۔

کُونُوا أَنصَارَ اللّٰہِ : (اللہ کی خاطر، ناصرِ دین رحمت بن جاؤ!)

مولانا محمد عبدالحفیظ اسلامی سینئر کالم نگار حیدر آباد
Cell:9849099228

انصار اللہ بننے کے لیے کارکنان اسلامی کو یہ بات خوب یاد رکھنی چاہیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تربیت یافتہ نفوس قدسیہ ''جماعتِ صحابہؓ'' یہ ایسے افراد بشر تھے جنہوں نے ناصرِ دین رحمت ہونے کا عملی ثبوت جو فراہم کیا، ان کی عظیم قربانیوں کو سامنے نہ رکھا جائے تو داعیانہ کردار کے عملی نمونہ ہمارے سامنے نہیں آسکتے جو نبیؐ کی سیرت پاک وعملی حیات کے بعد ہمارے لیے مشعل راہ ہے!!!۔ ان سعید روحوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو دنیا میں پھیلانے اور اس کی جدوجہد میں اپنی جسمانی، خاندانی و مالی اور جانی ہر طرح کی قربانیاں پیش فرما دیں۔ ان کے یہ سارے کارنامے خدمت حق کا عظیم کام انجام دینے والوں کیلئے قیامت تک کیلئے نقوش راہ ہیں۔ اور یہ حقیقت بھی روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ نبیؐ اللہ نے سچے ساتھی (صحابہؓ) عطا فرمائے تھے کہ دنیا کی کسی اور قائد کو حاصل نہ ہوئے۔ ہجرت سے لے کر فتح مکہ اور بعد کے ادوار میں بھی جو جو آزمائشیں ان پر گزری ہیں وہ تو انکا ہی جگر تھا کہ اپنے عمل سے دنیا کو یہ دیکھلا دیا کہ

دشت تو دشت ہیں دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے !
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے!

مفتی اعظم حضرت مولانا محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ''کونو انصار اللہ'' کے ضمن میں یوں تحریر فرمایا کہ ''صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس حکم کی تکمیل ایسے کی کہ پچھلی اُمتوں میں اس کی نظیر نہیں ملتی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد اور دین کی خاطر سب عرب وعجم سے دشمنی خریدی، ان کی ایذائیں سہی، اپنی جان ومال اور اولاد کو اس پر قربان کیا اور بالآخر اللہ تعالیٰ نے اپنی فتح ونصرت سے نوازا۔ اور سب دشمنوں پر اُن کو غالب فرمایا، اُن کے ملک اِن کے ہاتھ آئے اور ان کی فرمانروائی بھی اُن کو نصیب ہوئی۔ (معارف القرآن جلد ہشتم صفحہ:429)

اور اسی طرح مفکر اسلام مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمت اللہ علیہ نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کے دین کی خاطر قربانیاں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کی جانثاریاں اور ان کے ''اخلاص فی الایمان'' اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے حد محبت اور ان کی اجتماعیت میں نظم وضبط کی پابندی اور ان کے اپنے رب سے اٹوٹ وابستگی اور تعلق ودیگر اوصاف حمیدہ کو اپنی تفسیر تفہیم القرآن کی جلد پنجم کے صفحات (4'7'34'35'37'38'45'46'61'245'367'407'408) میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمین کی عظمت وشان کو واضح فرمایا جسے پڑھنے سے قارئین کے دل میں اللہ کی محبت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت واطاعت' پروان چڑھتی ہے۔ دوسری جانب صحابہؓ کی سیرت پر غور کرنے سے ایمان لانے والے بندوں میں ارتقائی وحرکیاتی کیفیت وجود میں آتی ہے۔ درج ذیل اس کا کچھ خلاصہ پیش خدمت ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست حق پرست پر ایمان لانے والے اور حق کو حق سمجھ کر قبول کرنے والے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمین کی دین کیلئے سچی جانثاریاں دیکھئے جنہوں نے دنیا کو امن وسلامتی کا پیغام سنانے، دنیا کی ذلت وآخرت کی رسوائی سے بچانے بحیثیت خیر امت اپنا فریضہ انجام دینے اور نبیؐ کی قیادت میں اٹھنے والی اسلامی تحریک کا ساتھ دینے کا کامل ارادہ کر لیا تھا اور اس کے لئے ہر نازک سے نازک موقع پر اپنا صالح ومخلص کردار ادا فرمایا۔ خواہ معاملہ بلال حبشیؓ کا ایمان پر ثابت قدمی کا ہو یا مکہ کے پر خطر حالات میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا حرم کعبہ میں' سورۃ رحمن کی آیات کا بلند آواز میں تلاوت کرنا اور جس کے نتیجہ میں باطل پرستوں وشر پسندوں کی طرف سے دی جانے والی اذیت وتکلیف کو خوشی خوشی برداشت کرنا، اس طرح کا کردار ادا کرنے والے صحابہؓ کو اللہ تعالیٰ نے ان کے ایمان کو اور بھی زیادہ مضبوط فرما دیا یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی سچی محبت نے ان کے ایمان ویقین میں اضافہ ہی اضافہ کر دیا۔ حضرت خبابؓ کا ایمان پر صبر واستقلال بھی قیامت تک کے لئے اہل ایمان کو حوصلہ وہمت بخشتا ہے کہ انہوں نے اسلام کی محبت میں اپنے جسم کو جیتے جی جھلسا دینا پسند کیا لیکن اسلام سے منحرف نہ ہوئے۔ یہ تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کے کچھ روشن نمونے تھے، جسکی تفصیل تو بڑی طویل ہے۔ مختصر یہ کہ مکہ سے ہجرت سے لے کر معرکہ بدر پھر اس کے بعد کئی ایک معرکوں میں قربانی پیش کرنا یہ ایسے صالح ومخلص اعمال ہیں جس کی وجہ سے اللہ نے ایمان ویقین ہمت وحوصلہ ان کے دلوں میں ثبت فرما دیا جس کی گواہی (سورۃ المجادلہ آیت: 22 میں اس طرح موجود ہے) اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے سینے میں ایمان کو ثبت کر دیتا اور اپنی طرف سے ایک روحِ عطا کر کے ان کو قوت بخشتا ہے تو اس روحانی قوت کے تجلیات وبرکات کبھی حضرت بلال حبشیؓ تو کبھی خباب بن الارت اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کی نیک سیرتوں میں نظر آتے ہیں۔ یہی روحانی قوت کی برکات ہیں کہ معرکہ بدر واُحد کے آزمائش میں انھیں ایمانی رشتہ کو خونی رشتہ پر مقدم رکھنے کیلئے بلا جھجک آمادہ وتیار کیا' صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمین کی نبیؐ سے عقیدت ومحبت بھی بے نظیر تھی۔ دنیا نے ایسے اصحابؓ محمدؐ کو نہیں دیکھا کہ اپنے رہنما ورہبر اور مربی اعظم ورحمت عالمؐ پر فدائیت کا ثبوت فراہم کر چکے ہوں۔ ان کی والہانہ وارفتگی کا یہ عالم تھا کہ آپؐ جب وضو بناتے ہوتے تو یہ اصحابؓ اس کے پانی کو زمین پر گرنے سے پہلے ہاتھوں ہاتھ لے لیتے، اپنے بدن اور لباس پر مل لیا کرتے، اور حقیقت بھی یہ ہے کہ ''نحن انصار اللہ'' کا اقرار کرنے اور اس کا عہد کرنے کے بعد اس کا عین تقاضہ یہ ہے کہ اپنے نصب العین کے حصول کے لئے اپنے سردار سے عقیدت ومحبت اور الفت وفدائیت بھی انتہائی ضروری ہے۔ جس کے بغیر سمع وطاعت ممکن نہیں، یہی وہ خوبی تھی کہ صحابہؓ کے شب وروز میں ادھر نبیؐ کا حکم ہوا ادھر فرمانبرداری بجا لانے کیلئے تیار وکوشاں رہتے تھے۔ ذرا ان حضرات صحابہؓ کے نظم وضبط کی پابندی بھی دیکھیے کہ انہوں نے دین سے عداوت رکھنے اور دشمنی کرنے والے لوگوں کی برائی کا برائی سے جواب نہیں دیا بلکہ مخالفین کی ہٹ دھرمی اور زیادتی پر کبھی مشتعل نہ ہوئے اور ایک پابند ڈسپلین اجتماعیت کے افراد کا مظاہرہ کیا' اور آپے سے باہر ہو کر انہوں نے انسانیت، شرافت، بردباری اور راستی کے خلاف کوئی اقدام نہیں کیا کیونکہ انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی اور تربیت فرمائی کہ بڑے سے بڑے مشکل حالات میں بھی صبر واستقامت کی حکمت عملی برتی جائے تا کہ حالات بگڑنے نہیں۔ کیونکہ باطل کی مکروہ حکمت عملی یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنی طاقت وکثرت' جاہ وجلال کے گھمنڈ وغرور میں مبتلا ہو کر جب چاہے جیسے چاہے حالات کو بگاڑنے کی کوششیں کرتا ہے تا کہ لوگوں پر اپنا رعب طاری کر دیا جائے۔ ایسے نازک حالات وموقع پر حق پرستوں کا شیوہ یہ ہونا چاہیے کہ صبر واستقامت' جفاکش ومشقت اور سختی جھیلنے کا پیکر بنے رہے جس کے بغیر مومنانہ تحمل ممکن نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ بندہ مومن، اپنے بھائیوں (اولاد آدم) کو خواہ وہ کسی مذہب وملت سے تعلق رکھتے ہوں ان سب کا خیر خواہ ہوتا ہے، اسے جس طرح اپنی آخرت کی فکر ہوتی ہے اسی طرح دیگر بندگانِ خدا کو بھی آخرت کی سختیوں اور خدا کی ناراضگیوں سے بچانے کی فکر کرتا ہے۔ اسی لئے' خدا پر ایمان لا کر یہ دلِ مہربان بندہ، مسلم※، انسانی اقدار واخلاق' تحمل مزاجی اور صبر کی خوبی کے ساتھ آگے ہی آگے بڑھتا ہے اور اپنے صالح مقصد میں کامیاب ہوتا ہے۔ سورۃ الفتح کی آیت 4 میں اللہ تعالیٰ صبر کرنے، حوصلہ دکھانے اور نظم وضبط کی پابندی کرنے والوں کو کس طرح سے سکینت واطمنان قلب عطا کرتا ہے اس کا ذکر فرمایا:

هُوَ الَّذِي أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ

یہ تھے صحابہ کرامؓ کے اوصاف حمیدہ اور رسول برحق کی متبرک قیادت پر بھرپور اعتماد کرنے والے۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر جو معاہدہ ہو رہا تھا جو سراسر یکطرفہ تھا اور بظاہر ایسا ہی نظر آ رہا تھا، جب یہ معاہدہ تحریر کیا جانے لگا تو یہ لکھا گیا تھا کہ یہ معاہدہ ''محمد رسول اللہ اور قریش کے مابین ہوا'' اس پر نکتہ اعتراض یہ اٹھایا گیا کہ ہم (قریش) آپ کو اللہ کا رسول نہیں مانتے، لہٰذا ''محمد بن عبداللہ اور قریش کے درمیان معاہدہ ہے'' لکھا جائے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس پر بھی راضی ہو گئے۔ اس کے علاوہ اس معاہدہ میں جتنی بھی شرائط درج کی جا رہی تھیں وہ سب کے سب دب کر صلح کرنے جیسی تھیں، اس وقت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کی جو کیفیت تھی جس میں ان کے قلوب جذبہ ایمانی سے سرشار، شدید اضطرابی صورت اختیار کر گئے، دوسری چیز یہ کہ اس معاہدہ میں یہ شرط بھی تھی کہ مسلمان اس سال عمرہ ادا نہ کریں، واپس جائیں، البتہ آئندہ سال وہ عمرہ کر سکتے ہیں۔ اس طرح یہ شرط بھی اللہ کے حبیبؐ کے محبین صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کے دل ودماغ پر شاق گذر رہی تھی کہ انہوں نے اپنی دلی تمنا اپنے ساتھ لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عمرہ کرنے میلوں کا سفر طے کر کے آئے اور بغیر عمرہ کیے لوٹنا پڑ رہا ہے۔ لیکن قربان جائیں ان نفوس قدسیہ پر کہ انھوں نے اپنی دلی تمنا آرزو اور اپنے جذبات کو اپنے نبیؐ کی مرضی اور فیصلوں پر ترجیح نہیں دی اور اسی طرح آپؐ نے سب لوگوں کو حکم دے دیا کہ احرام کھول دیں، اپنی قربانی دے دیں، اس وقت بھی صحابہؓ کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور کعبۃ اللہ کا طواف نہ کرنے کا غم موجود تھا لیکن جب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود پہلے اپنا احرام کھول دیا تو سارے صحابہؓ آپ کی اتباع وپیروی کرتے ہوئے سب نے احرام کھولا، قربانی دی۔ یہ تھے ''وہ انصار نبیؐ'' جنہوں نے مکہ کے ابتدائی دور میں اپنی جان ہتھیلی میں لے کر نبی کا ساتھ دیا اور ہجرت سے قبل تک اور ہجرت کے موقع پر اور ہجرت کے بعد بھی اس طرح ایک طرف جماعت مہاجرین دوسری طرف جماعت انصار، انہوں نے آپس میں شیر وشکر ہو کر ہر نازک موڑ پر اپنے نبیؐ ورسولؐ کی خدمت میں عملی' اعتقادی اور جانی ومالی ہر طور پر قربانیاں پیش فرمائی، یہ تھا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمین کا قولی وعملی طور پر یہ کہنا کہ ''نحن انصار اللہ'' اس پر دم آخر تک قائم رہے۔ مختصر یہ کہ صحابہؓ کرام کی دین حق، دین رحمت کے ساتھ سچی وابستگی اپنے قائد اعظم، رحمت عالم سے عقیدت ومحبت کے علاوہ نظم واجتماعیت کی پابندی اور اس طرح کے دیگر اوصاف حمیدہ ہیں جس پر اللہ تعالیٰ کی شہادت وگواہی موجود ہے۔ چنانچہ سورۃ الفتح آیت 29 میں ارشاد باری تعالیٰ یوں ہوا:

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا

صحابہ کرامؓ میں یہ جو بشارت دی گئی ہے اور مغفرت واجر عظیم کا جو وعدہ کیا جا رہا ہے یہ سب کچھ صرف اور صرف حق سے محبت، باطل سے نفرت، اللہ اور اس کے رسولؐ کے احکام کی پابجائی، خلوص نیت کے ساتھ حق کی حمایت میں ڈٹ جانا اور منکرین حق کے مقابلہ میں سخت چٹان بن کر ٹھہر جانا وغیرہ۔ یہ ایسے اعمال بے نظیر تھے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کو پورا فرمایا اور آج بھی مسلمانوں سے یہ وعدہ ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ (سورۃ محمد آیت: 7)

اے ایمان والو! اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو اللہ تمہاری مدد کرے گا۔ آج اہل ایمان کو عالمگیر سطح پر مصائب ومشکلات کا سامنا ہے، اسلام واسلام کو ماننے والوں سے بغض وعداوت عروج پر ہے۔ متفرق فکر ونظر کے حامل لوگوں نے اپنے آپسی اختلافات کے باوجود ''دین حنیف اور دین حق'' کی مخالفت پر اتفاق کر لیا ہے۔ مذہبی' روحانی' اخلاقی وتمدنی کے علاوہ مادی وسیاسی اور تعلیمی میدانوں میں حق وباطل کی معرکہ آرائی گرم ہوتے دکھائی دے رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کی زمین بے حساب بڑی ہونے کے باوجود اہل ایمان پر تنگ کی جانے لگی ہے۔ ایسے نازک حالات میں گھبرانے وپریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے اور اپنے اسلامی تشخص کے ساتھ جینے مرنے کا ہنر سیکھنا پڑے گا۔ اور یہ ہنر اور حوصلہ اسی وقت ہم میں پیدا ہو سکتا ہے کہ ہم ''کونو انصار اللہ'' کے جواب میں ''نحن انصار اللہ'' کہیں اور عملی طور پر اس کے لئے تیار ہو جائیں۔ اس کے لئے کتاب اللہ وسنت رسولؐ اللہ اور روش صحابہؓ کے نہج پر ہمارے درمیان اب جو بھی اجتماعیت پائی جاتی ہے اس کا تعاون کریں اور اس کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں، اللہ تعالیٰ جسے جتنی کچھ صلاحیت عطا فرمایا ہے اسے غلبہ دین کیلئے لگانا چاہیے۔ الحمدللہ آج بھی ہمارے اندر جذبہ ایمانی موجود ہے جس کا مظہر یہ ہے کہ قرآن پاک کے بارے میں ایک شمہ برابر توہین ہمارے لئے ناقابل' برداشت ہے۔ شان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں رتی برابر گستاخی ہونے پر ہم جان کی بازی لگا دینے کمر بستہ ہیں، کسی بھی گوشہ سے عظمت صحابہؓ پر آنچ آتی ہو تو ہم فوری بیدار ہو جاتے ہیں۔ غرض کہ قرآن کا تقدس ہو یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان عظمت کا معاملہ ہو یا پھر اللہ کی رضا وخوشنودی حاصل کر چکے نفوس قدسیہؓ کی توہین سے تعلق رکھتا ہو ان سب کی محافظت کیلئے ہمارے باعظمت علماء کرام سے لے کر غیرت مند عوام بھی تیار ہو جاتے ہیں اور یہ سب ایمان کی موجودگی کے مظاہر ہیں۔

''حاصل کلام''

''کونو انصار اللہ'' ''من انصاری الی اللہ'' ''نحن انصار اللہ'' ان کلماتِ متبرکہ سے ہم کس طرح درس حاصل کریں، یہ اصل چیز ہے اور ہمارے لئے لمحہ فکر ہے۔ اس سلسلہ کی چند ضروری باتوں کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں، بالخصوص علم والوں کیلئے اس میں دعوت عمل ہے۔ (۱) عوام الناس میں نزول قرآن کے مقصد کو رکھا جائے۔ (۲) بعثت نبیؐ کے مقاصد کو واضح کیا جائے۔ یہ دو کام تو بلا کسی مذہب ملت ہونے چاہیے یعنی ''هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ' اب ہماری ذمہ داری ہے کہ بحیثیتِ خیر امت، اصلاح ملت اسلامیہ کے ساتھ ساتھ، ایمان کی لذت، مٹھاس وحلاوت سے ناواقف بندوں کو دعوت دین کے لیے منظم ہو کر اسے اپنا اہم فریضہ سمجھ کر اٹھیں اور نبی رحمتؐ کے مقصد بعثت کو پہلے ہم خود اچھی طرح سمجھیں!، کلام الٰہی اور ارشادات نبیؐ سے سبق {تعلیم دین} حاصل کریں!!!

''حقیقت''

یہ ہے کہ اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا کہ ان کے درمیان میں سے ایک رسُول بھیجا جو ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی آیات کی تلاوت کرے، انہیں پاک وصاف بنائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے، جبکہ یہ لوگ اس سے پہلے یقیناً کھلی ہوئی گمراہی میں مبتلا تھے'' (آل عمران :164) اس طرح قرآن حکیم کو ساری دنیا کی کتاب ہدایت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلم کتاب وہادی عالم کی حیثیت سے عوام الناس میں اجاگر کیا جانا بیحد ضروری ہے۔ اور تمام انبیاء علیہ السلام کا بنیادی مقصد بھی یہی رہا کہ اللہ کے بندے صرف اُسی کی بندگی کریں؛ ان متبرک انبیاء کرام علیہ السلام کے کام کے لیے اللہ تعالیٰ ازوجل ہر دور میں انکے معاون ومددگار'' انصار اللہؓ'' کی حیثیت سے خوش نصیب لوگوں کو اٹھاتا رہا؛ آج ہم سے بھی قرآن یہی مطالبہ کر رہا ہے کہ اللہ کے خاطر، دین حق کی اقامت کے لیے اٹھو اسکے حامی، معاون اور ناصر بن جاو تا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں دنیا میں امن سکون اور آخرت میں سرخرو کر دے۔ لیکن جہاں دنیا میں انسان خود خدا بن بیٹھے خدا کے بندوں پر اپنی خدائی چلانے لگے تو پھر بندگان خدا کی کثیر تعداد؛ حقیقی رب کا حق ادا کرنے سے رہ جاتی ہے۔ آج انسانی معاشرے میں جو صورتحال نظر آ رہی ہے ظلم وبربریت مشرکانہ عقائد اور حق تلفی وناانصافی کا بازار گرم ہے یہ سب الٰہ واحد کی بندگی سے دوری کے عبرتناک نتائج ہیں۔ لہٰذا، حقیقی مالک کی بندگی اور اسی کی کبرائی وبڑائی، پورے طور پر قائم کرنے اور قائم رکھنے کی جدوجہد کے لیے کونوا انصار الل

غیر قانونی نل کنکشن نالوں اور گٹروں کی صفائی میں رکاوٹ بن رہے ہیں

پانی چوری سے میونسپل کارپوریشن کو لاکھوں کا نقصان ہو رہا ہے، ٹانک بروقت نہ ملنے پر میونسپل کارپوریشن کارروائی کرتی ہے، پانی چوری کا گورکھ دھندہ بدعنوان اہلکاروں یا سفید پوش لیڈروں کی ملی بھگت سے چلایا جا رہا ہے

